رول نمبر: ____________

FBD-12-2-23

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

**Objective**
**Paper Code**
**8028**

# اُردو (معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 20

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

## نثری اسباق کے حوالے سے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سبق "پہلی فتح" کس کتاب سے ماخوذ ہے؟ | محمد بن قاسم | آخری چٹان | مجاہد | اور تلوار ٹوٹ گئی |
| 2 | علمائے کرام نے قدیم طرز کی درس گاہ کہاں قائم کی؟ | دہلی میں | دیوبند میں | کانپور میں | علی گڑھ میں |
| 3 | خاندانِ خلافت نے جاگیروں کی واپسی کے معاملے میں سفیر بنا کر بھیجا: | اُمِ عمارہ | اُمِ ایمن | اُمِ عمر | اُمِ عمیر |
| 4 | حمید اختر نے ابنِ انشا کو کیا خریدنے کا مشورہ دیا؟ | افغانی کوٹ | جیکٹ | چغہ | شیروانی |
| 5 | سرسید عمر میں مولوی نذیر احمد سے کتنے بڑے تھے؟ | دس سال | بارہ سال | پندرہ سال | بیس بائیس سال |

## مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشاندہی کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | "خطوطِ اقبال" چھپ ____ ۔ | گئے ہیں | گئی ہے | گیا ہے | گے ہیں |
| 7 | ____ آگے راستہ بند تھا، اس لئے ہمیں واپس آنا پڑا۔ | جب کہ | کیوں کہ | چوں کہ | البتہ |
| 8 | دھماکے کی آواز سن کر پولیس ____ ہوگئی۔ | چونکا | چوکنی | چوکنے | چوکنیں |
| 9 | حق بات کہو ____ ساری خدائی مخالف ہوجائے۔ | اگر | جب کہ | گر | خواہ |
| 10 | مزاج دار بہو نے سرمہ اور ناڑی دو چیزیں پسند ____ ۔ | کی | کیے | کیا | کیں |

## رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سچ ہے ____ لالچ بُری بلا ہے۔ | : | ؛ | :- | ، |
| 12 | ؛ علامت ہے: | وقفہ کی | سکتہ کی | ندائیہ کی | ختمہ کی |
| 13 | سکتہ کی تعریف ہے: | مکمل ٹھہراؤ | تفصیل بیان کرنا | سوال پوچھنا | مختصر ٹھہراؤ |
| 14 | حیرت اور خوشی کے اظہار کے لئے کونسی علامت استعمال ہوتی ہے؟ | فجائیہ | رابطہ | سکتہ | قوسین |
| 15 | آپ کیا کہتے ہیں ____ (جملے کے آخر میں کونسی علامت آئے گی) | : | :- | ؛ | ؟ |

## امدادی افعال کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے:

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | آنا : | آپ کب آئیں گے؟ | بجلی نے آج آنا ہے | دیر سے مت آنا | وہ امتحان دے آیا ہے |
| 17 | رکھنا : | قلم میز پر رکھا ہے | بچوں نے شور مچا رکھا ہے | گلاس میز پر رکھ دو | آپ کرسی پر تشریف رکھیں |
| 18 | اٹھنا : | صبح جلدی اٹھنا چاہیے | تم دیر سے کیوں اٹھے؟ | وہ ذرا سی بات پر بھڑک اٹھا | اب تم اٹھ جاؤ |
| 19 | کرنا : | اچھے کام کرنا | آپ کیا کرتے ہیں؟ | مجھے سبق یاد کرنا ہے | بزرگوں کے پاس بیٹھا کرو |
| 20 | لگنا : | شہر میں کرفیو لگ گیا | کشتی کنارے سے لگی | مجھے سردی لگتی ہے | گاڑی چلنے لگی |

1202-XII123-48000

ParhloPakistan.com

رول نمبر:.............

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (انشائی) گروپ دوسرا

FBD-12-2-23

وقت: 02:40 گھنٹے　　کل نمبر: 80

## (حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

تمھاری بھینس کیسے ہے کہ جب لاٹھی ہماری ہے　　اب اس لاٹھی کی زد میں جو بھی آئے سو ہمارا ہے
مذمت کاریوں سے تم ہمارا کیا بگاڑو گے؟　　تمھارے ووٹ کیا ہوتے ہیں جب ویٹو ہمارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

کام مردوں کے جو ہیں، سو وہی کر جاتے ہیں　　جان سے اپنی جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں
موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے　　مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں
دید و ادید جو ہو جائے، غنیمت سمجھو　　جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں

## (حصہ دوئم)

3۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) عالم کا رنگ بے رنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دونوں کار دنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جھولا ڈالے الگ باغ میں جھولا کرتے تھے، البتہ جو صاحب ضرورت ان کے پاس جاتا، اسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر ان کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج وافلاس کی بلا سے بندگانِ خدا کو نجات ہو۔

(ب) میرا بچہ، میری آنکھ کا تارا، ارے دیکھو تو کیسے تن کر چل رہا ہے۔ اس کا باہر نکلا ہوا سینہ دیکھو! سانس کس بے خوفی سے آ جا رہا ہے! شاباش میرے لاڈلے شاباش! سر اٹھائے رکھ۔ تم پر ہم سب کو ناز ہے۔ تجھ پر میرے دلارے تجھ پر، جسے مرجانا ہے۔ دیکھ لو اسے دیکھ لو۔ جس کے بدن میں گرم خون لہریں مارتا تھا پر جس کے دل میں قاتل کے لہو کی ایک بوند بھی نہیں۔ ہائے پر قاتل موجود ہے۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) پہلی فتح (ii) ایوب عباسی 01,09

5۔ نصاب میں شامل احسان دانش کی نظم "تغیر" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: 20

(i) میرا پسندیدہ شاعر (ii) اتحادِ عالمِ اسلام (iii) قومی تعمیر و ترقی میں طلبہ کا کردار

7۔ کسی بھی اشاعتی ادارے کے منیجر کو اپنی پسند کی کتاب بذریعہ ڈاک منگوانے کے لئے خط لکھیے۔ 10

1202-XII123-48000

ParhloPakistan.com